نے ایک تعویذ لکھ دیا اور کہا کہ کھول کر مت دیکھیو کہتے ہیں کہ میں نے وہ تعویذ باندھا فوراً میرا بخار جاتا رہا بعد اس کے میں نے تعویذ کھول کے دیکھا اس میں لکھا تھا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اور کچھ نہیں لکھا تھا۔ میرے دل میں کچھ آیا یعنی کہ میں سمجھا تھا کچھ عجیب غریب نقش وغیرہ ہوگی بسم اللہ کو بسبب کثرت استعمال کے آسان سمجھا کہ اس سے ایسا عجیب اثر ظاہر ہو پھر مجھے بخار آیا اور تعویذ نے اثر نہ کیا۔ میں حضرت استاد کے پاس گیا۔ اور حال بیان کیا انہوں نے فرمایا کہ تم نے تعویذ کھول کے دیکھا ہوگا۔ میں نے کہا ہاں انہوں نے ایک اور تعویذ لکھ دیا اور اپنے ہاتھ سے میرے باندھ دیا۔ اور کہا۔ کہ اس تعویذ کو مت دیکھیو بخار میرا اسی گھڑی جاتا رہا۔ بعد چند روز کے میں نے اس تعویذ کو بھی کھول کے دیکھا اس میں بھی بسم اللہ کے سوا کچھ لکھا نہ تھا۔ پھر مجھے بخار آیا اور تعویذ نے نفع نہ کیا میں نے حضرت استاد کے حضور میں عرض کی کہ میں نے توبہ کی۔ پھر ایسا کام نہ کروں گا۔ اور مجھے تعویذ لکھ دیجئے حضرت نے اور تعویذ لکھ کے باندھ دیا کہ فوراً بخار جاتا رہا۔ پھر میں اس تعویذ کو ایک برس کے بعد کھول کے دیکھا۔ تو اس میں بھی بسم اللہ ہی کو دیکھا تب اللہ تعالے کے نام کی عظمت میرے دل میں قرار واقعی آئی اور میں نے اللہ تعالے کے نام کی بزرگی کا اقرار کیا۔

نماز قضائے حاجت برکت بسم اللہ

صالحین نے روایت کی ہے کہ جو کوئی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور ہر ہزار کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور درود پڑھے اور اپنی مراد مانگے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ اسی طرح بارہ ہزار پورے کرے اس کی حاجت بر آوے کچھ ہو۔ بحکم خدائے تعالے۔

برکت بسم اللہ واسطے حصول عزت اور عظمت کے

شیخ ابوبکر سراج نے حسب اشارہ بعضے صالحین کے ذکر کیا ہے۔ اور جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم چھ سو پچیس ۶۲۵ بار لکھے اور جو کوئی اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالے اس کو ایک ہیبت اور عظمت عنایت فرمائے اور کوئی اسے کچھ برائی نہ پہونچا سکے۔ شیخ ممدوح نے کہا ہے کہ اس کا تجربہ ہوا ہے اور صحیح ہے۔

سورۂ فاتحہ کے فضائل اور فوائد کے بیان میں

صحیحین میں ثابت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سورہ فاتحہ ایک ایسا رقیہ ہے کہ ہر بیماری کو دفع کرتا ہے۔ اور رقیہ کو کہتے ہیں۔

طریق۔ دھو کے پلانے میں سورۂ فاتحہ کا واسطے شفا کے سورۂ فاتحہ کے خواص میں ایک بات یہ ہے کہ حرف اس کے جدا جدا لکھ کے پاک پانی میں دھو کے بیمار کو پلا دے بحکم خدائے تعالے شفا پاوے۔

داڑھ کے درد کیلئے۔ داڑھ کے درد پر سورہ فاتحہ دم کرے بحکم خدائے

تعالیٰ شفا دیوے۔

واسطے شفائے بیمار کے۔ اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھ کے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان میں درد چشم والے کی آنکھ پر دم کرے۔ شفا ہو بحکم خدائے تعالیٰ اور امراض کے لئے بھی یہ نافع ہے۔ اور مجرب ہے اور صحیح بارہا اس کا تجربہ ہوا ہے۔

واسطے محفوظی مسافر کے۔ مسافر کے روانہ ہوتے وقت اس کے آگے اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھے خدائے تعالیٰ اس مسافر کو محفوظ رکھے اور سلامت پھیر لاوے۔

سورہ یٰسین کے فوائد کے بیان میں

حصول مطلب مشکل بذریعہ سورہ یٰسین اکتالیس بار جس حاجت کے لئے پڑھے پوری ہو۔ فقیہ علی بن قاسم حکمی نے لکھا ہے کہ میں نے ایک مشکل حاجت کے لئے سورہ یٰسین کو اکتالیس بار پڑھا اللہ تعالیٰ نے وہ مشکل آسان کی اور مطلب حاصل ہوا۔

واسطے قضائے حاجت کے۔ دارمی نے صحیح سند روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورہ یٰسین کو اول روز میں پڑھے اس کی سب حاجتیں پوری ہوویں۔

نے فرمایا ہے کہ سورہ یٰسین میں لفظ الرحمٰن چار جگہ ہے اور لفظ اللہ تین جگہ اور ایسے ہی سورہ ملک میں سو جو شخص سورہ یٰسین پڑھے اور لفظ الرحمٰن پر سیدھے ہاتھ کی انگلیاں بند کرے۔ اور ہر لفظ اللہ پر بائیں ہاتھ کی پھر سورہ ملک پڑھے۔ الرحمٰن پر سیدھے ہاتھ کی انگلیاں کھولے اور ہر لفظ اللہ پر بائیں ہاتھ کی۔ اور کھولنا بند کرنا چھنگلیا سے شروع کرے اس ملی ہوئی انگلیوں کی طرف یعنے پہلے چھنگلیا بند کرے پھر اس کے اوپر کی انگلی پھر بیچ کی انگلی اور اسی طرح بند کرے جس مطلب کے لئے یہ عمل کرے بفضلہ تعالیٰ بیشک حاصل ہو۔ دعا بھی قبول ہو۔ سو خدائے تعالیٰ سے ڈرے اور سوائے بھلائی کے دعا نہ مانگے۔

آیۃ الکرسی کے فوائد کے بیان میں۔

رات کو آیۃ الکرسی پڑھنے کا ثواب صحیح حدیث میں آیا ہے۔ کہ جو رات کو آیۃ الکرسی پڑھے شیطان اس کے پاس نہ آوے۔

بعد نماز کے آیۃ الکرسی کے پڑھنے کا فائدہ اور سنن نسائی میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی آیۃ الکرسی ہر نماز کے بعد پڑھے بعد مرنے کے بہشت میں داخل ہووے۔ جمعہ کے دن بعد نماز عصر کے آیۃ الکرسی پڑھنا واسطے اثر عجیب اور قبولیت دعا کے بے نظیر ہے۔ امام نووی نے فضائل اور منافع آیت الکرسی میں کتاب [illegible] تصنیف کی ہے۔ اس میں لکھا ہے۔ کہ جو کوئی جمعہ کے دن بعد عصر

سے خالی جگہ میں تین سو تیرہ بار آیۃ الکرسی پڑھے ایسی خیر و برکت حاصل ہو کہ قیاس میں نہیں آئے۔ ف۔ یہ عدد بہت مبارک عدد ہے۔ مرسلین کا انبیاء میں سے اور عدد ہے۔ اصحاب طالوت کا اور اصحاب بدر کا اس عدد سے جو وظیفہ پڑھے۔ بہت خیر و برکت پائے۔

چوروں اور آگ لگنے کی حفاظت کیلئے۔ آخر سورہ بنی اسرائیل یعنے قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا آخر آیت تک سوتے وقت پڑھ لے اُس رات چوری سے اور آگ لگنے سے محفوظ رہے۔ اور وہ اور اس کا مال و اولاد حفظِ الٰہی میں رہے۔

واسطے دفع جنوں کے۔ ایک جگہ جنوں کی بڑی کثرت تھی حضرت ابو زید بن اسلم رضی اللہ عنہ نے کہ وہاں کے حاکم تھے۔ فرمایا کہ ہر وقت اذان کی کثرت رکھیں۔ جنوں کا صدمہ دفع ہو گیا۔ اور پھر جن وہاں نظر نہ پڑے

واسطے دفع مرگی کے۔ مرگی والے کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے اچھا ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

واسطے گم کردہ مسافر کے اذان۔ مسافر راہ بھول جاوے اذان کہے خدا تعالیٰ اسے راہ سمجھاوے۔

واسطے مغفرت گناہوں کے۔ صحیح مسلم میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بعد ہر نماز کے سُبْحَانَ اللّٰهِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار اَللّٰهُ اَکْبَرُ ۳۴ بار پڑھے اور واسطے اتمام سیکڑے کے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ ایک بار پڑھے اس کے سب گناہ بخشے جاویں اگرچہ مانند کف دریا کے ہو۔

واسطے کشائش رزق اور محفوظی آفات سے۔ بعد ہر نماز فرض کے لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ۔ آخر سورہ تک پڑھے کشائش رزق اور محفوظ رہنے کو آفات سے مفید ہے۔

طریقہ نماز واسطے فراخی رزق کے۔ استغفار سے جس طرح گناہ بخشے جاتے ہیں۔ اسی طرح رزق کی بھی کشائش ہوتی ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ دو رکعت نماز اس طرح پر کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد کے آیت وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ آخر تک اور دوسری رکعت میں وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا آخر تک پڑھے پھر اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْغَفُوْرَ الرَّحِیْمَ۔ بکثرت پڑھے رزق کی خوب فراخی ہووے

دفع مفلسی کے بیان میں۔ سو بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ ہر روز پڑھ لیا کرے۔ ہمیشہ تونگر رہے۔ کبھی فقر اور مفلسی اُسے نصیب نہ ہووے۔

واسطے دفع بخار وغیرہ کے۔ یہ نقش ایک پاک کپڑے پر لکھے اور انڈے پر لپیٹ کے انڈے کو پکا کے بعد اس کے کھلاوے اور چھلکے اس کے اکٹھا کر کے ایک کپڑے میں لپیٹ کے بازو پر باندھے بخار سے انشاء اللہ تعالیٰ شفا پاوے۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

نقش یہ ہے۔

واسطے بخار کے۔ بخار والے کی پیٹھ پر اذان اور اقامت انگلی سے لکھ دے خدائے تعالےٰ شفا دے۔

واسطے درد داڑھ کے۔ داڑھ میں درد ہووے اس پر بِکُلِّ نَبَأٍ مُسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لکھ کر رکھ دے فوراً درد جاتا رہے۔

واسطے درد چشم کے۔ انگوٹھے چوم کے آنکھوں سے لگانا واسطے درد چشم کے بعض صالحین کو خواجہ حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی انہوں نے کہا جو شخص دونوں انگوٹھوں کے ناخن چوم کے اپنی دونوں آنکھوں پر لگا دے جس وقت مؤذن کہے۔ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور مَرْحَبًا بِحَبِيْبِيْ وَقُرَّةِ عَيْنِيْ درد چشم سے محفوظ رہے۔

واسطے دفع آگ لگنے اور آندھی کے۔ حدیث میں ہے کہ جب آگ لگے تکبیر کہو آگ کو بجھا دے گی۔ اذان بوقت آگ لگنے کے جو کہتے ہیں ماخذ اس کا یہی حدیث ہو سکتی ہے۔ اور آندھی اور مصیبتوں کے دفع کے لئے بھی اذان مجرب ہے۔

دعائے تحفۂ ابدال۔ خواجہ خضر علیہ السلام نے بعض صالحین کو خواب میں واسطے دفع ہر تکلیف اور مصیبت کے یہ دعا یَا لَطِیْفًا بِخَلْقِهٖ یَا عَلِیْمًا بِخَلْقِهٖ یَا خَبِیْرًا بِخَلْقِهٖ اُلْطُفْ بِیْ یَا لَطِیْفُ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ تعلیم فرمائی اس کے پڑھنے سے کسی قسم کی مصیبت یا تکلیف ہووے دفع ہو جاوے۔

برائے دفع شرارت جانور۔ جو جانور شرارت کرتا ہو تو اس کے کان میں یہ آیت اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ پڑھے اس جانور کی شرارت جاتی رہے پڑھنا آیۃ الکرسی اور سورۂ لایلاف کا واسطے محفوظ کے جمیع آفات سے بعضے علما نے کہا ہے کہ ہم نے یہ عمل بارہا آزمایا ہے مجرب ہے۔ آیۃ الکرسی گھر سے نکلنے کے پہلے پڑھ لے جب تک گھر کو پھر آوے کوئی آفت اُسے نہ ہو نچے سفر سے پہلے لایلاف پڑھنا امان ہے ہر شر سے۔

دولہن کے بیاہ لانے کی دعا۔ جب دولہن کو بیاہ لاوے یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ۔ یہ حدیث ابو داؤد نے روایت کی ہے۔

واسطے حمل عورت کے مجرب ہے۔ عورت کے حاملہ ہونے کیلئے چاہیئے کہ جب عورت حیض سے نہا وے ایک بکری کا بچہ فربہ پرورد ہ ذبح کر کے سب کو ایک دیگچی میں پکا دے اور اس کا آب یخنی کر

عوٹا رکھا ہو دن میں عورت پی لے اور یہ آیت شریف ایک برتن پاک میں [illegible]
لکھے۔ ایسے کہ کوئی حرف مٹا نہ ہو۔ اور پانی سے دھو کے عورت کو وقت [illegible]
کے پلاوے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور حاملہ ہو جاوے۔ مجرب ہے اول [illegible]
فاتحہ و درود شریف اور بعد اس کے اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّيْ كَلَمَنْ سَعْفَصْ
قَرَشَتْ ثَخَذْ ضَظَغْ اور بعد اس کے اِنَّمَا اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ
لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا قَالَ كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَلِنَجْعَلَهٗ
اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا فَحَمَلَتْهُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى
فَحَمَلَتْهُ بِعَوْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَحَمَلَتْهُ بِلُطْفِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَحَمَلَتْهُ بِلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا اِنَّمَا اَمْرُهٗۤ
اِذَاۤ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ
بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ
عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
لکھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل رہ جائے۔ اور لڑکا پیدا ہووے۔

واسطے اسقاط نہونے حمل کے۔ آیت وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ
سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا۔ لکھ کے اور
تعویذ بنا کے عورت کے گلے میں باندھے بفضلہٖ تعالیٰ حمل ساقط نہ ہو۔

واسطے تولد پسر خوش رو کے۔ سورۂ یوسف صاف اور صحیح ایسی لکھے
کہ کوئی حرف مٹا نہ ہووے اور ایک تعویذ کی طرح عورت حاملہ کے باندھے
بفضلہٖ تعالیٰ بیٹا خوبصورت سعید کہ سب امور نامرضیہ جناب الٰہی یعنی

[illegible] کاموں سے محفوظ رہے۔ پیدا ہو۔

تدبیر قادر ہونے مرد کے اوپر عورت کے۔ حضرت حسن بصری سے
لوگوں نے ایک مرد کا کہ اس کا بیاہ ہوا تھا۔ حال کہا۔ کہ وہ عورت پر قادر
نہ ہو سکا۔ حضرت نے کہا۔ کہ دو انڈے پکے لاؤ۔ وہ لائے آپ نے ان
کا چھلکا اوتار کے ایک پر وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ
لکھا اور مرد کو دیا اور دوسرے انڈے پر وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ
الْمٰهِدُوْنَ لکھ کے عورت کو دیا اور کہا کہ کھا لو جب دونوں نے کھا لیا۔
حضرت نے فرمایا اب جاؤ اور اپنا کام کرو۔ پس وہ مرد عورت پر بحولی
قادر ہوا

واسطے قبول ہونے دعا کے لفظ اللہ اسم اعظم ہے۔ اگر بکمال اعتقاد
اور صدق دل اور نیت اور عظمت اور حضور قلب سے اس نام کو پڑھ کر
دعا مانگے بیشک قبول ہو۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ کثرت سے
پڑھا کرے دل اس کا زندہ رہے۔ اور عقل کامل رہے۔

قیدی کے چھوٹنے کے لئے نقش مرقومہ تختہ کو کہ ہر ضلع میں ۴۵
ہیں۔ پاک مٹی کہ جس پر قیدی نے پاؤں رکھا ہو۔ اور اس مٹی کو پاک تختے
پر رکھ کر ساتویں ساعت جمعہ میں کہ ساعت شمس ہو نقش لکھے پھر
اس مٹی کو کپڑے میں لپیٹ کر پاک جگہ ٹھنڈی پر قریب گھڑے وغیرہ کے
رکھدے بفضلہٖ تعالیٰ قیدی جلد چھوٹ جاوے۔
نقش اگلے صفحہ پر دیا گیا ہے۔

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

برائے رہائی قیدی۔
مَا شَاءَ اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔ دو ہزار بار ایک جلسے میں پڑھے قیدی بہت جلد رہائی پائے مجرب و آزمودہ ہے۔

آسیب زدہ اور مرگی والے کیلئے۔ پانی پر سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پانچ آیت اوّل سورہ جن کی پڑھے اور دم کرے اور اس کے منہ پر چھینٹا مارے بفضلہ تعالیٰ اچھا ہو جاوے۔ اور آسیب زدہ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ الٓمّٓصٓ طٰہٰ طٰسٓ طٰسٓمّٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ پڑھ کے دم کرے فوراً اچھا ہو جاوے اور پھر کبھی آسیب کا خلل نہ ہووے داہنے کان میں آسیب زدہ یا مرگی والے کے اذان کہے اور بائیں کان میں اقامت تو اچھا ہو جاوے

فائدہ ہینگ کا۔ جس شخص کے پاس ہینگ ہو۔ اس کے پاس جن نہیں آتا۔ اور جو آسیب زدہ کو ہینگ سونگھا دیں۔ آسیب دفع ہو جاوے قوت حافظہ کیلئے۔ سورہ الم نشرح چینی کے برتن میں لکھ کے دھو کے پیئے۔ بحکم خدا حافظہ اس کا قوی ہووے۔

واسطے حصول مراد کے۔ جمعہ کے دن اوّل روز پہنے طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک رو بقبلہ با وضو تنہائی کی جگہ میں بیٹھے اور یا اللّٰہُ

یا غنی پڑھتا رہے۔ سات جمعہ برابر کرے پھر اللہ سے اپنی مراد مانگے۔ ان شاء اللہ حاصل ہو۔

واسطے محفوظی ظالم اور ہر تکلیف کے لئے سنت فجر میں جو شخص الحمد کے بعد پہلی رکعت میں الم نشرح اور دوسری رکعت میں الم ترکیف پڑھے اس دن ہر ظالم کا ہاتھ اس سے کوتاہ رہے۔ اور ہر برائی اور ہر تکلیف سے محفوظ رہے۔

واسطے محفوظ رہنے بلیات سے۔ اور دل رو الام اتار یخ مہینے کی لکھ کر گھر میں رکھوے۔ گھر آگ سے اور چور سے اور چوہے سے محفوظ رہے اور وہ سب چیزیں بحکم خدائے تعالیٰ سلامت رہیں۔

واسطے محفوظ رہنے کھیت کے ٹڈی سے۔ چار رقعوں میں یہ آیت وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَیُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ لکھے۔ اور کھیت کے چاروں کونوں پر دفن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ کھیت ٹڈی سے محفوظ رہے

پسوؤں کے دفع کیلئے۔ تفسیر واحدی میں لکھا ہے۔ کہ ایک پیالے پانی پر وَمَا لَنَا اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰہِ وَقَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا آخر آیت تک سات بار پڑھے پھر کہے اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰہِ وَ[illegible] اَیُّهَا الْبَرَاغِیْثُ فَكُفُّوْا عَنَّا شَرَّكُمْ وَاَذَاكُمْ اور اس پانی کو چاروں پائے چارپائی کے گرد چھڑک دے۔ اس رات کو چین سے سووے۔ پسوؤں سے نہ ستاویں۔

ایضاً چار لکڑیاں انجیر کی ایک بکری مذبوح کے خون سے آلودہ کر کے اور
یہ دعا ایتھا البراغیث السوء انکم من جملۃ الجن والملائکۃ
علیکم بالواحد المعبود الذی اھلک عاداً و ثمود ان لا
تجمعوا علی ھذا العود لا یبقی منکم ولد ولا مولود ولا
پڑھ کے چاروں کونوں میں گھر کے رکھ دے سب پسو اُن لکڑیوں پر جمع
ہوجاویں، بایں شرط کہ ان میں سے کسی کو نہ مارے۔

واسطے کشادگی مرد کے۔ اگر کسی مرد کو عورت نے بند کر دیا ہو سورہ
لم یکن الذین کفروا ایک پاک برتن میں صاف لکھے کہ کوئی حرف
اس کا ناقص نہ ہووے، اور اس کو دھو کے پیئے اور اسی طرح تین دن تک
کرے انشاء اللہ تعالیٰ کھل جاوے اور عورت پر قادر ہو جاوے۔

واسطے بچنے سحر وغیرہ سے جو شخص وقت طلوع فجر ہمیشہ بنا یا کرے
اس کو جادو اثر نہ کرے اور نظر بد جن و انس کی نہ ہو اور تندرست
رہے۔ اور چہرہ اس کا نورانی ہو جاوے۔ اور دعا اس کی قبول ہووے
اور اس پر کسی کی بد دعا اثر نہ کرے۔

واسطے محبت کے۔ شب جمعہ میں آدھی رات کو یہ آیت فان تولوا
فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب
العرش العظیم۔ ۳ بار پڑھے اور بعد اس کے اللھم انت الرب
حسبی من فلان بن فلانۃ او فلانۃ بنت فلانۃ اعطف قلبہ
او قلبھا علی و ذللہ او ذللھا الی اور بجائے فلاں بن فلانہ نام

اس شخص کا اور اس کی ماں کا لے جس کی محبت اور تابعداری منظور ہو اور
فلانہ بنت فلانہ اس لئے ہے کہ اگر وہ عورت ہو تو اس کا اور اس کی ماں کا
نام لیوے۔ وہ شخص اس پر مہربان ہو جاوے اور اگر ماں کا نام نہ معلوم ہووے
ابن حوا یا بنت حوا کہدے عاملوں کا یہی طریقہ ہے۔

عمل دوسرا حُب کا۔ اللہ اکبر ۵۰ بار بسم اللہ الرحمٰن
الرحیم ۱ بار آیۃ الکرسی اخلاص معوذتین ایک کاغذ پر لکھے اور
اللھم اعطف قلب فلان ابن فلانۃ او فلانۃ بنت
فلانۃ علی ابن فلان او بنت فلانۃ۔ لکھے اور اپنے دائے
بازو پر باندھے مطلب حاصل ہو پہلے فلاں بن فلانہ کی جگہ مطلوب کا نام
اور دوسری جگہ طالب کا نام لکھے

عمل تیسرا حُب کا۔ ایک حلوے کے ٹکڑے پر لفظ بدوح لکھ کر جسے
کھلادے وہ اس شخص کو بہت چاہنے لگے۔ اور بہت اس سے محبت
کرے۔ اگر ایک بدوح ایک چھری پر لکھ کر کسی چیز کو اس چھری سے
کاٹے اور کسی کو کھلادے۔ وہ اس سے بہت محبت کرے۔

واسطے دفع بغض چند اشخاص کے۔ چند اشخاص میں اگر بغض و عداوت
ہو آیت ونزعنا ما فی صدورھم من غل بما کنتم تعملون
تک ایک حلوے کے ٹکڑے پر سوکھے قلم سے لکھے۔ اور انہیں کھلادے
بحکم خدائے تعالیٰ صلح ہو جاوے۔

واسطے آسانی وضع حمل کے۔ پیٹ پر حاملہ کی آیت ایۃ لھم

اَلتَّیْلُ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ تک لکھے اور نجاست سے بچاوے بفضلہٖ تعالےٰ عورت کا وضع حمل جلد آسانی سے ہو جاوے۔

تاثیرات حروف کے بیان میں۔ حرف چار قسم کے ہیں حار بارد رطب یابس حار یہ ہیں ا ہ ط م ف ش ذ کر انکو اکٹھا کرنے سے اھطم فشذ حاصل ہوتا ہے۔ اور بارد حروف یہ ہیں ب و ی ن ص ت ض ظ کر مجموع ان کا لفظ جز کس قثظ ہوتا ہے اور حروف رطب یہ ہیں۔ د ح ل ع ر خ غ کر ان کے جمع کرنے سے دحلع رخغ ہوتا ہے۔ اور حروف یابس یہ ہے۔ ب و ی ن ص ت ض کر اس کے جمع کرنے سے بوین صتض ہوتا ہے۔ پس جو شخص حروف حرارت کو موافق اعداد ان کے ۲۵ بار شدت سردی میں پڑھے۔ بدن اس کا گرم ہو جاوے۔ اور پسینہ آجائے۔ اور اسی طرح حروف بارد بعد وانکے گرمی پڑھے سردی خوب حاصل ہو۔ اور دفع یبوست کے لئے حروف رطب اور رطوبت کیلئے حروف یابس ایسی ہی تاثیر رکھتے ہیں۔ اور پڑھنے کی صورت یہ ہے۔ کہ مجموع ان کا اھطم فشذ شلاً حروف حارلے میں پڑھے وعلیٰ ہذا القیاس۔

قوت ایمان اور روشنیٔ دل اور حصول کشف کے۔

اسم الرحمٰن اور حروف اسم مبارک اللہ ایک پاک برتن میں لکھ کے آب زمزم یا گلاب یا مینہ کے پانی سے دھو کے پی لے اللہ تعالیٰ اس کو ایمان پر ثابت رکھے اور دل اس کا نور سے منور کرے حتیٰ کہ وہ

غائب چیزوں کو دیکھنے لگے۔ اگر چالیس صبح اس پر مداومت کرے اس کو شان عظیم اور سعادت عظمیٰ حاصل ہو۔ اور صاحب کشف ہو جاوے ایسا کہ نور سے خدا کے اس کی بینائی ہو اور جب لب دعا کے لئے ہلاوے قبل تمام ہونے دعا کے دعا اس کی قبول ہووے۔ بفضل خدائے تعالےٰ اور برکت ان دونوں اسم مبارک کے۔

واسطے دفع خوف کے۔ جب آدمی کو خوف ہو ایسی مصیبت کا جس میں جان کا اندیشہ ہو یہ پڑھے۔ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وہ مصیبت دفع ہو جاوے۔

آسیب سے بچنے کیلئے۔ حضرت اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ سے حکایت ہے کہ مجھے ایک آسیب نظر پڑا۔ میں نے کہا اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اس نے کہا تم نے بڑے شخص کی پناہ پکڑی ہے۔ اور چلا گیا۔

واسطے داد کے۔ داد کیلئے ایک ڈورہ لے اور اس پر تین گرہیں لگاوے ہر گرہ پر آیت وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ پڑھ کر گرہ لگاوے اور داد والا اس ڈورے کو باندھے بفضلہٖ تعالیٰ داد جاتا رہے۔

پیشاب کھلنے کیلئے۔ اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو یہ آیت دھو کے پلانا پیشاب کھل جاوے آیت یہ ہے۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا

آسیب وبلا سے محفوظ رہنے کیلئے ۔ یہ دعا پناہ کی ہے جو اس عمل خوف میں پڑھے آسیب اور بلا سے محفوظ رہے اور حاکم کے شر سے بھی بچے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْخَالِقِ الْاَكْبَرِ حِرْزًا مِّمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ لَا قُدْرَةَ لِمَخْلُوْقٍ مَعَ الْخَالِقِ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔

وبا کے حفاظت کیلئے ۔ اور یہ دعا حفاظت کی وبا سے ہے ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّ ذُنُوْبِيْ قَدْ عَظُمَتْ وَجَلَّتْ وَاَنْتَ سَيِّدِيْ وَاِلٰهِيْ اَعْظَمُ وَاَجَلُّ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى رِضَاكَ لَا يَا مَنْ هُوَ اِلَّا بِجُوْدِكَ وَقُوَّتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ وَاَدِمْ عَلَيْنَا النِّعَمَ وَاصْرِفْ عَنَّا النِّقَمَ وَالزَّجْرَ وَالْعَذَابَ وَالْاَسْقَامَ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ

بچھو کا منتر جس کو بچھو نے کاٹا ہووے اس کو اس منتر سے جھاڑے شَجَّةٌ قَرْنِيَّةٌ مِلْحَةٌ بَحْرٌ قَفْطَا ۔ مدینہ میں ایک شخص اس منتر سے جھاڑا کرتا تھا ۔ اور بہت آدمیوں کو فائدہ ہوا ۔ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے اس سے پوچھا کہ تیرا کیا منتر ہے ۔ اس نے

عرض کیا آپ نے فرمایا کہ مضائقہ نہیں یہ منتر کیا کرو ۔ یہ مواثیق جن سے ہے

کھیتی کی سرسبزی کیلئے ۔ واسطے افزائش پھل اور برکت باغ میں وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ فِيْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۔ بعد رکھنے روزہ کے بروز پنج شنبہ بعد نماز مغرب کے قبل کلام کرنے کے ایک کاغذ پر یہ آیت لکھے ۔ اور وسط باغ میں ایک درخت پر بطور تعویذ کے باندھ دے ۔ اور اس درخت کا ایک پھل کھالے اگر پھل نہ ہووے تو ایک پتہ لے اور تین گھونٹ پانی پی لیوے ۔ اور وہاں سے چلا آوے انشاء اللہ تعالیٰ بہت برکت اس باغ میں ہووے ۔ اور بہت پھل لاوے ۔

درخت کے پھلوں کی برکت کیواسطے ۔ هُوَ الَّذِيْ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۔ اس آیت شریف کو جمعہ کے دن کسی وقت لکھ کے دھو کے کنوئیں میں ڈال دے ۔ اور اس سے درختوں کو پانی دے ۔ اللہ تعالیٰ ان درختوں کے پھلوں میں برکت دے اور نظر بد جن اور انس اور سب آفتوں سے محفوظ رہیں

دشمن اور نظر بد سے حفاظت کیلئے ۔ اور جو اس کو دم کرے اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖ تا اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ شب جمعہ میں بعد نماز عشاء کے ایک کاغذ میں لکھ کے تعویذ
بنا کے اپنے باندھے شیطان اور دشمن اور نظر بد سے امان میں رہے۔
اگر شیشہ کے یا سنگ مرمر کے برتن میں لکھ کے پاک پانی سے دھو کے ۳
دن برابر نہار منہ پیئے نماز میں یا وضو میں اگر وسواس ہوتا ہو یا برے خواب
دیکھتا ہو۔ برکت اس آیت کے شفا پاوے۔

<u>بیاہ کے لئے</u>۔ اگر کسی عورت سے بیاہ کرنا منظور ہووے یا بادشاہ
سے نوکری مطلوب ہووے یا رزق۔ اس آیت شریف کو قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ
بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ۔ لکھ کے
تعویذ بنا کے بازو میں باندھے انشاء اللہ تعالےٰ مطلب حاصل ہووے
طوفان سے بچنے کیلئے۔ اگر آدمی جہاز پر سوار ہو اور دریا میں
طوفان ہو اور تلاطم امواج ہو سات رقعوں میں اس آیات شریف
اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ کو کُلُّ خَتَّارٍ
كَفُوْرٍ تک لکھ کے سمندر میں ڈالدے بجانب مشرق ایک بعد دوسرے
کے طوفان ختم جاوے۔ اور تلاطم جاتا رہے۔

وہم دور کرنے کیلئے۔ وسواس اور ڈر اور وہم کیلئے کہ اِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ تا قولہ تعالےٰ مُّنْبَعِثٌ وَّ مِنْ سَاعَاتِ قِبَل
پہر جمعہ کے دن بوقت طلوع شمس کے لکھے اور ایک رقعہ ہر روز نگل
کے ایک گھونٹ پانی پی لے۔ شفا پاوے۔ بفضلہ تعالےٰ
دل کی دھڑک دور ہونے کیلئے۔ سورہ الم نشرح پاک برتن

میں لکھ کے آب زمزم یا مینہ کے پانی سے دھو کے پی لے خفقان اور دل
دھڑکنے کو نافع ہے۔
ایضاً۔ اور اسی طرح سورۂ لایلاف قریش جو لکھ کے پی لے خفقان اور
دل دھڑکن انشاء اللہ بالکل جاتا ہے۔
شکم میں بچہ کی حفاظت کیلئے۔ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ تا
بِغَیْرِ حِسَابٍ تک۔ گلاب اور زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کے اور
عورت حاملہ کی چھنگلیا میں باندھ دے حاملہ اور پیٹ کا لڑکا سب
آفات سے محفوظ رہے۔
واسطے رونے لڑکے کے۔ اگر لڑکے کے گلے میں یہ آیت اوپر لکھی
ہوئی لکھ کر باندھ دے لڑکا ڈر سے اور زیادہ رونے سے محفوظ
رہے۔ اور نشو ونما مبارک پاوے۔
<u>اولاد ہونے کیلئے</u>۔ اوّل سورۂ نساء تا قولہ تعالےٰ رَقِیْبًا ایک حلوے
کے ٹکڑے پر آدھی رات کو شب جمعہ میں لکھے۔ ایسی جگہ کہ کوئی نہ دیکھے
اور جس کی اولاد نہ ہوتی ہو۔ اس کی جورو کھالے اور جماع کرے انشاء
اللہ تعالےٰ وہ عورت حاملہ ہو جاوے۔ ۲ بار ۳ شب جمعہ کو یہ عمل کرے
حافظہ قوی ہونے کیلئے۔ ابتداء سورۂ بقرہ سے تا مفلحون جمعرات
کے دن اوّل روز پاک برتن میں مشک و زعفران سے لکھ کے مینہ کے
پانی سے دھو کے طلوع صبح صادق سے پہلے پی لے۔ اور اس دن روزہ
رکھے۔ ۳ دن یا پانچ دن کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ حافظہ قوی ہو جاوے

واسطے توفیق طاعت کے۔ جو شخص محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ۳۵ بار بعد نماز جمعہ کے ایک رقعہ میں لکھے، اور اپنے ساتھ رکھے خدا تعالیٰ طاقت اسے اپنی طاعت کی دے گا، اور جو اس کاغذ پر ہمیشہ نظر رکھے اور خیال کرے اسم آنحضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور آپ کے نام مبارک احمد صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو کہ دونوں نام دال پر کیسے تمام ہوتے ہیں، اور ہر روز بوقت طلوع شمس ان دونوں اسم مبارک کو دیکھ لیا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے اسدن سب سامان سعادت کے مہیا کرے، اور یہ موافق حسن اعتقاد اور صدق نیت اور صفائی باطن کے ہوگا۔

زیادتی رزق کے لئے نقش انگشتری واسطے کشائش رزق کے پہلی ساعت روز یک شنبہ میں صرف چاندی کی انگوٹھی کے نگینہ پر اس نقش مرقوم کو نقش کرے۔ جو اس انگوٹھی کو اپنے پاس رکھے عجب بات دیکھے۔ کشائش رزق میں اور جو بطہارت کاملہ بتعظیم واحترام اس انگوٹھی کو پہنے رہے۔ ایسی خوبیاں دیکھے کہ حد سے زیادہ ہیں۔

۵۳	۴۶	۵۱
۴۸	۵۰	۵۲
۴۹	۵۴	۴۷

واسطے دفع دشمن کے
وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

نی تختی پر لکھے اور اس کے ساتھ دشمن کا اور اس کی ماں کا نام لکھے اور دشمن کو جس کا زیر کرنا منظور ہے۔ نام لے کے پکارے۔ دشمن بلا میں مبتلا ہو جاوے چاہیے کہ عمل ایسے شخص کو کرے کہ جو ظالم اور بیدادگر ہو۔

ظلم سے محفوظ رہنے کیلئے۔ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ تا قولہ تعالیٰ عَلِيْمًا ایک ورق میں لکھ کے پاس رکھے اور یہ آیت پڑھتا رہے جس ظالم یا جبّار کے پاس جاوے اس کے ظلم سے محفوظ رہے۔ اور وہ اس کے حق میں نیک بات کہے۔

ما فی الضمیر تبلانے کیلئے۔ اگر کوئی شخص اس آیت کو اپنی ہتھیلی میں لکھ کے سوتے آدمی کی چھاتی پر رکھے اور اپنا ما فی الضمیر تبلاوے آیت یہ ہے۔ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔

درد قولنج کیلئے۔ اگر کسی کو درد قولنج ہو تو یا شدید تیشے کے برتن میں زعفران اور مینہ کے پانی سے لکھ کے ۱۰۰ بار اسم موصوف کو پڑھے اور ہر سیکڑہ کے بعد یَا شَدِیْدُ اَمْسِكْ ھٰذِہِ الْعِلَّۃَ کہے اور دھو کے قولنج والے کو پلاوے بفضلہ تعالیٰ فوراً اچھا ہو جاوے

عالی مرتبہ پانے کیلئے۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ایک ہزار بار اور یَا وَهَّابُ ایک ہزار بار ہمیشہ پڑھا کرے۔ مرتبہ اس کا بڑا عالی ہو اور مال کی بے شمار کثرت ہو۔

آسیب کو دور کرنے کیلئے بعض علمائے سلف نے ذکر کیا ہے کہ اسم مبارک اللہ ایک برتن میں کہ بقدر گنجائش اس کے لکھ کے پانی سے دھو کے آسیب زدہ کے منہ پر چھینٹا مارے شیطان اس کا جل جاوے امام نوری نے کہا ہے۔ کہ ایک شخص کا غلام ۴۰ برس سے آسیب رکھتا تھا۔ اور وہ شخص اس کی تدبیر اور علاج سے عاجز ہو گیا میں نے اس کو یہ عمل بتایا اس نے تین دن تک انکشاف کر کے ایک برتن میں جس قدر گنجائش تھی لکھ کے اس غلام کے منہ پر چھینٹا مارا وہ غلام اچھا ہو گیا۔ اور وہ شیطان اس کا جل گیا۔ اور پھر عود نہ کیا۔

گھبراہٹ جانے کیلئے۔ اسم مبارک محیط کا نقش مربع لوہے کی تختی میں نقش کر کے اس شخص کے گلے میں لٹکا دے جس کو فزع ہو یعنی گھبراتا ہو۔ اور ڈرتا ہو فزع اس کا جاتا رہے اور جو لڑکا بہت روتا ہو اس کے گلے میں باندھے پھر لڑکا کبھی نہ روے۔ نقش یہ ہے

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط

کتے کے کاٹے ہوئے کیلئے

اَلْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ۔ ان دونوں اسم مبارک کو لکھ کے دھو کے اس شخص کو پلا دے جسے کتے نے کاٹا ہووے فوراً شفا ہو جاوے۔ اور جو ان دونوں اسم مبارک کو لکھ کے روغن زیتون کو ملا کے سانپ کے کاٹے کو کھلا دے فوراً اچھا ہو جاوے

واسطے مطیع رہنے لونڈی اور غلام کے۔ اسم مبارک یَا رَقِیْبُ کو لکھ کے روٹی میں رکھ کے غلام یا لونڈی کو کھلا دے ہمیشہ اپنے آقا کے پاس رہے اور کبھی نہ بھاگے

واسطے برکت ہونے کھیتی میں۔ اسم مبارک باعث وارث کی یہ تاثیر ہے۔ کہ چہار شنبہ کو کھیت بوئے اور اسوقت سو بار کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ الْبَاعِثِ الْوَارِثِ اس کھیتی میں خوب فائدہ ہو۔ اور بہت اچھی کھیتی برکت والی ہو۔ حفاظت سفر کے لئے۔ اسم مبارک سلام کو نقش مثلث میں لکھے جو مسافر اس نقش کو پاس رکھے سفر سے سلامت پھر آوے اور جو لڑائی میں ساتھ لیجائے تمام آفات سے محفوظ رہے اور وہ نقش یہ ہے۔

م	ل	س
س	م	ل
ل	س	م

دو شخصوں میں محبت ہونے کیلئے دو شخصوں میں الفت ہونے کو یہ عمل کرے۔ پہلے طالب کا نام پھر لفظ محبت پھر مطلوب کے نام کی تکسیر کر کے سیسے کی تختی میں سہ شنبہ کے دن نقش کرے۔ اور مطلوب کے مکان کے اندر دفن کرے مطلب حاصل ہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

حاملہ ہونے کیلئے۔ اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی۔ تا قولہ تعالیٰ اَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ چاندی کی تختی میں لکھ کے عورت اپنے سر میں رکھے بحکم خدا تعالیٰ حاملہ ہو جائے گی۔ اگرچہ حمل سے مایوس ہو گئی ہووے۔

قوت حافظ کیلئے ۔ وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ تا قول تعالے لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۔ اس آیت کو لکھ کے سبق کی جگہ کتاب یا قرآن میں رکھ لے حفظ اور فہم بہت کامل ہو جاوے۔

محفوظی جان اولاد کیلئے ۔ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۔ چاندی کے پتر پر نقش کرکے چالیس مرتبہ اس پر یہ آیت پڑھے اور نیچے نگینہ کے انگوٹھی میں رکھوے جو اس انگشتری کو پہنے رہے اپنی جان و مال و اولاد سے محفوظ رہے۔

حاجت بر آری کیلئے ۔ ۱۰ بار سورۃ الکافرون روز یک شنبہ بوقت طلوع شمس کے پڑھ کے اپنی حاجت مانگے خدا تعالےٰ قبول فرمائے

فتحیابی کیلئے ۔ سورۂ نصر کسی ہتھیار پر نقش کرلے اور دشمن کے مقابلہ میں لیجاوے فتح پاوے۔

ظالم کے ظلم سے بچنے کیلئے ۔ حفاظت ظلم ظالم کے لئے ظالم کے پاس جاتے وقت معوذتین پڑھے ظلم سے محفوظ رہے۔

بھیڑیئے اور بکری کے باہم الفت کیلئے ۔ کتاب الواح الجواہر میں لکھا ہے۔ کہ اس عمل سے بھیڑیئے اور بکری میں موافقت ہوسکتی ہے۔ تکسیر یوں کرے۔ ذ ی ب م ح ب ت غ ن م اور اس کو مربع اشارے میں بطریق تکسیر سیسے کی تختی میں شنبہ کے دن کھودے اور بکریوں کے بند ہنے کی جگہ دفن کرے۔ بھیڑیئے اور بکریوں میں محبت ہو جاوے انشاء اللہ تعالےٰ۔

۴۸۶

ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م
ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ
ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی
م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب
ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م
ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح
ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب
غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت
ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ
م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن

دفع شیطان اور دیو کیلئے

واسطے دور ہونے آسیب اور دیو اور پری اور جس پر جن چڑھا ہو اس تعویذ کو باندھے اچھا ہو جاویگا۔ انشاء اللہ تعالےٰ وہ تعویذ مکرم یہ ہے۔

۹۹ ططط ۱۱۸۹ ۱۱۱۱ ۸۱۸۱۱

ایضاً ۔ واسطے اس کے کہ جس کو دیو اور جن نے پکڑا ہو۔ دھواں اس فلیتہ کا

ناک میں بیمار کے پہونچادے نقش معظم یہ ہے۔

ایضاً۔ واسطے دور ہونے آسیب کے جس کو دیو یا جن یا پری کا خلل ہو یہ اسم مبارک لکھے اور باندھے وہ آسیب دفع ہو جائیگا انشاءاللہ تعالیٰ

صہ	لہ	ط	صد
ا	ے	سح	ح
واہی	می	بن	سد
ح	مح	بط	دم

لڑکے کی لاغری دور ہونے کیلئے۔ اگر کوئی لڑکا خشک اور دبلا ہوا ہو۔ چاہیئے کہ بدھ کے دن اس نقش کو لکھ کے جھولے میں لڑکے کے یا ماتھے پہ باندھے۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایضاً۔ واسطے دور ہونے دیو اور پری اور جن کے اس شکل کو چراغ میں جلاوے نقش یہ ہے

مہ لہ اصنولا کہ ع	
۳ ۲۲ ۱۱ ۱ ماہ ح	
لہ ۱۱ لس ع	

ن	ھ	[illegible]	[illegible]
۲	۱۳	۲	۷
۲	۳	ی	۳۱۲
ک	۱۵	۹۷	۲

تپ کے لیے گلے میں باندھے نقش یہ ہے۔

الرحیم
یا نار کونی
بردا وسلاما
علی ابراھیم
تپ دفع شود

واسطے دور ہونے گھینگے کے گردن میں باندھے اچھا ہو جاوے انشاءاللہ تعالیٰ۔ نقش یہ ہے

۳۰۲	۲۹۷	۳۰۴
۳۰۳	۳۰۱	۲۹۹
۲۹۸	۳۰۵	۳۰۰

مرگی دفع ہونے کیلئے

واسطے دور ہونے مرگی کے یہ نقش لکھ کر سر میں باندھے بہت آزمایا ہوا ہے۔ نقش یہ ہے

۷	۲	و	ل	ﷲ
صب	۹۷	منوں	ــہ	و
تں	ے	ازل	یبعل	و
شفعہ	صح	۷۸	ائمہ	مع

ایضاً۔ اس طلسم کو واسطے دور ہونے مرگی کے بیمار کے داہنے ہاتھ میں باندھے اچھا ہو جاوے اللہ کے حکم سے۔

۸۱عہ۱عہ عہ ماہ ماہ مسح ماہ ماہ مسح مسح

صحت بیمار کے لئے۔ جو کوئی اس نقش کو لکھے اور بیمار کی گردن میں باندھے اچھا ہو جاوے آزمایا ہوا ہے واسطے سب بیماریوں کے بہت مفید ہے۔ نقش یہ ہے!

سو	ح	محف	طو
ب	و	و	ء
ا	مد	هی	حب

واسطے درد ناف کے۔ کہ ٹل گئی ہو لکھ کے سیدھا لیٹے اور ناف پر رکھے پھر ناف اپنے مقام پر آجائے۔ آزمودہ ہے

سح ح

واسطے دور ہونے درد سر کے کر تمام سر میں ہو لکھے اور باندھے بہت مجرب اور بارہا آزمایا ہوا ہے۔ نقش یہ ہے۔

یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح

یہ تعویذ واسطے ہول دل کے۔ ایک نقش ہر روز چالیس دن تک صبح کو نگل جاوے شفا پاوے انشاءاللہ تعالیٰ۔

ا	ل	م	ل	ک
ل	م	ل	ک	ا
م	ل	ک	ا	ل
ل	ک	ا	ل	م
ک	ا	ل	م	ل

واسطے دور ہونے آدھا سیسی کے۔ سر میں باندھے۔

واسطے پیٹ کے درد کے لکھے کھائے اچھا ہو نقش یہ ہے۔

۱۵	۲	ص
۲	۱۱ د	حا
ع	کن	ما

واسطے چھوٹنے قیدی کے بازو پر باندھے

۱۲	۵	۱۰
۷	۹	۱۱
۸	۱۳	۶

تمام بیماریوں سے بچنے کیلئے۔ اس نقش کو لکھے اپنے پاس رکھے تمام بیماریوں سے مانند جذام اور برص کے محفوظ رہے گا۔

م	ا	ل	س
س	ل	ا	م
ا	م	س	ل
س	ل	م	ا

واسطے بخار کے۔ یہ دعا برگ پیپل پر لکھ صبح کو ہر روز ایک ایک چباوے بخار دفع ہوگا۔ قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

ہول دل کیلئے۔ واسطے ہول دل کے مجرب ہے۔ ۔۔۔۔

۲	۹	۸
۱۰	۶	۲
۵	۴	و

بچے کے رونے کیلئے۔ واسطے رونے بچے کے لکھے اور گلے میں ڈالے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	[illegible]	۳۰

واسطے آسانی وضع حمل کے۔ واسطے دشواری وضع کے اس نقش کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر حاملہ کے نیچے پاؤں کے رکھے اور وہ عورت زور سے ٹھیکری مذکور کو دبائے اور زور کرے فوراً خلاص پاوے

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

زیادتی دودھ کیلئے۔ یہ نقش واسطے دودھ زیادہ ہونے کے دو لکھ کے ایک گردن میں باندھے دوسرا پلاوے

۲۱۹۴	۲۱۹۷	۲۲۱	۲۱۸۷
۲۱۹۳	۲۱۹۷	۲۱۹۲	۲۱۹۸
۲۱۹۹	۸۲۴	۲۱۹۵	۲۱۹۳
۲۱۹۹	۹۱۹۱	۲۱۹	۲۲۳

مرگی کیلئے۔ یہ نقش اتوار کو خون مرغ سفید سے لکھ کر گلے میں باندھے ہرگز صرع یعنی مرگی نہ ہو۔

۹ سح وح	۹۱ سح

نظر بد کیلئے۔ یہ نقش واسطے دفع نظر بد کے مجرب ہے

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

حیض بند ہونے کیلئے۔ اگر کسی عورت کو حیض بہت ہوتا ہو چاہیئے کہ یہ نقش کاغذ پر لکھ کر کمر میں باندھے۔

۴	۴	ع	۱
ع	دع	حج	حج

ہیضے کیلئے ۔ واسطے دفع ہیضہ کے

۲۵	۲۰	۲۷
۲۹	للماحامم ۳ ہ	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

چیچک کیلئے ۔ یہ نقش واسطے چیچک کے مفید ہے۔

۱۳	۴	۳	۱۹
۸	۱۱	۲	۹
۱۴	۷	۶	۹
۱	۱۴	۱۵	۴

دودھ کیلئے ۔ واسطے زیادتی شیر عورت کے۔

دردناف کیلئے ۔
یہ نقش واسطے دردناف
کے مجرّب ہے

ععع ۰۰	ععع ۰۰
ععع ۰۰	ععع ۰۰

ڈبہ اطفال کیلئے یہ نقش واسطے
ڈبہ اطفال کے لکھ کر پہلو میں باندھے
فی الفور شفا پاوے گا نقش اسکے مقرر ہے

دشمن کو زیر کرنے کیلئے
ساعت مریخ میں لکھ کر قبر
کہنہ میں دفن کرے دشمن
زیر ہوگا

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

واسطے رفع پیچش کے
مجرّب ہے۔

۳۹۱۸	۳۹۲۵	۳۹۲۰
۳۹۲۳	۳۹۲۱	۳۹۱۹
۳۹۲۲	۳۹۱۷	۳۹۱۴

۲۲۸۹۹	۲۲۸۸۹	۲۲۷۹۵
۲۲۸۸۹	۲۲۸۹۳	۲۲۷۹۷
۲۲۸۹۱	۲۲۹۰۱	۲۲۸۸۷

واسطے رفع اعدا کے
مجرّب ہے

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

واسطے زیادتی مال
وبرکت خانہ کے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

واسطے ملاقات بادشاہونکے

عورت اور مرد کی محبت کیلئے یہ نقش طلسم واسطے محبت مرد اور عورت کے مجرب ہے۔

١٦	٣	٦	٩
٢	١٣	١٢	٧
١١	٨	١	١٤
٥	١٠	١٥	٤

٨ ١١ ٨٩ ع احد ٩ ٥ ٥ ١١ ٤١

واسطے علم و فہم کے ایضاً۔ اس دعا کو فیرونی پر پڑھکر کھلاوے یا پھولوں پر پڑھ کر سونگھاوے۔

٥	١٦	٢	١١
١٠	٣	١٣	٨
١٥	٦	١٢	١
٤	٩	٧	١٤

وَ تَاكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلاً لَّمًّا وَّ تُحِبُّوْنَ۔

محبت کیلئے یہ نقش یعنی پانچ فلیتہ واسطے محبت کے لکھ کر آگ میں روشن کرے مجرب ہے اور نام فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں لکھ کر سات روز متواتر کرے

١١	١٠٩٨٧ ٣٥ ٤٣ ط ١١
١١	١٠٩٨٧ ٣٥ ٤٣ ط ١١
١١	١٠٩٨٧ ٣٥ ٤٣ ط ١١
١١	١٠٩٨٧ ٣٥ ٤٣ ط ١١
١١	١٠٩٨٧ ٣٥ ٤٣ ط ١١

واسطے حب کے کھلاوے،

واسطے محبت کے۔ اوپر کپڑے اس مطلوب کے لکھے اور نام طالب و مطلوب اور ماں کا لکھے اور پلیتہ بناوے اور چراغ میں روشن کرے اور منہ چراغ کا طرف خانہ مطلوب کے ہو۔ اور چاہیے کہ اس نقش کو مشتری کی ساعت میں لکھے مجرب ہے۔

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	یاباسط	٤

ک ااا ٥ ٩ ٩ اا ٩ رو اا ورو

ایضاً۔ اسی ترکیب سے لکھے مجرب ہے۔

ک کر اا ١٢ ٤٨ ما محہ ٧ ٩

دردناف کیلئے۔ محبت کیلئے یہ نقش محبت کا ہے پان پر لکھ کر دروازے پر بٹھو کر مجرب ہے نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے

ربے ربے ہو

دو ونت

شعبدات نادرہ ۔ لاوے چربی کچھوے کی اور بورہ ارمنی اس میں
ملاوے اور فلیتہ کتان سے بناوے ۔ اور چربی مذکور میں آلودہ
کرے ۔ اور چراغ نو میں رکھے ۔ اور روغن سیماب ڈالے اور
روشن کرے ۔ تو معلوم ہو کہ اہلِ محفل کشتی پر سوار ہو کر دریا کی سیر کرتے
ہیں ۔ شعبدہ لاوے شیشہ صاف قدرے تیز دو آتشہ اس میں
ڈالے ۔ اور قدرے گندھک ڈالے اور خانہ تاریک میں شیشہ
مذکور کو رکھے معلوم ہو کہ آگ درمیان شیشے کے رکھی ہے ۔
شعبدہ ۔ انگریزی دیاسلائی سے مکان تاریک میں دیوار پر جو لکھے
یا نقش کرے ۔ درخشندہ معلوم ہو ۔
شعبدہ ۔ قدرے نوشادر و عقر قرحا منہ میں رکھے اور چباوے اور
اسی پانی سے کلی کرے ۔ چنگاری آگ کی منہ میں رکھے ۔ ہرگز ہرگز منہ نہ
جلے گا ۔
شعبدہ ۔ افیون و کتیرا اور پھٹکڑی نمک سانبھر اور پوست تخم مرغ
اور سیماب اور ابرق پیسا ہوا ایک جگہ کر کے سے ملے اور ہاتھ میں آگ
لے ۔ ہاتھ ہرگز نہ جلے گا ۔ اور اگر پیر میں دوا مذکور ملے ۔ آگ پر پیر ہرگز
نہ جلے گا ۔

شعبدہ ۔ گل سرخ و پھٹکڑی و تخم خطمی و خراب و کافور و سرکہ باہم مخلوط
کرے ۔ اور ہاتھ میں ملے ۔ آگ سے محفوظ رہے گا ۔
شعبدہ ۔ لاوے ابرق حل کردہ اور پارے میں مخلوط کرے اور ساتھ
سفیدہ تخم مرغ اور لعاب تخم خطمی کے بدن اور منہ پر ملے ۔ اگر تنور جلتے
ہوئے میں کود پڑے گا جلنے سے آگ کے محفوظ رہے گا ۔
شعبدہ ۔ کف دریا اور پوست تخم مرغ مساوی پیس کر سرکہ میں ملا
کر بدن پر طلا کرے ۔ آگ سے محفوظ رہے ۔
شعبدہ ۔ گوند عربی کو پانی میں حل کر کے ہاتھ میں ملے ۔ آگ اٹھائے
ہاتھ نہ جلے گا ۔
شعبدہ ۔ لاوے بیضہ مرغ اور آلائش اس کی دور کرے اور قدرے
سیماب اس میں ڈالے اور سوراخ کو موم سے بند کرے فصل گرما میں
دھوپ میں اور فصل جاڑے میں بھوبھل کی آگ میں رکھے انڈا اڑے گا
شعبدہ ۔ اگر آب شیر گرم میں قدرے سریشم ماہی پیس کر ڈالے
پانی مثل برف کے جم جائے گا ۔
شعبدہ ۔ لاوے انڈا تازہ سوراخ کر کے شبنم سے بھرے اور
موم سے بند کرے انڈا اڑ جائے گا ۔

تمام شد

ستاروں کے خواص جو رات دن میں نیک و بد ہیں یہ۔

روشن ہووے کہ اگر کسی کو نیک ستاروں کے عمل میں جانا ہے
تو پہلے اس نقشہ کو دریافت کر کے سدھارے انشاء اللہ تعالیٰ
فتحیاب ہووے۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔ کہ نقشے کے سیدھے طرف
کے بڑے خانوں میں دنوں کے نام ہیں اور چھوٹے سب خانوں میں
ستاروں کے نام اور ان کے اوپر کلاک کے عدد ہیں اور نیچے
ان کے خاصیت مرقوم ہے۔ اس پر عمل کریں۔
نقشہ اگلے صفحے پر دیا گیا ہے۔

شب پنجشنبہ	شمس نیک ۱	زہرہ نیک ۲	عطارد نیک ۳	قمر نیک ۴	زحل بد ۵	مشتری نیک ۶	مریخ بد ۷	شمس نیک ۸	زہرہ نیک ۹	عطارد نیک ۱۰	قمر نیک ۱۱	زحل بد ۱۲
روز پنجشنبہ	مشتری نیک ۱	مریخ بد ۲	شمس نیک ۳	زہرہ نیک ۴	عطارد نیک ۵	قمر نیک ۶	زحل بد ۷	مشتری نیک ۸	مریخ بد ۹	شمس نیک ۱۰	زہرہ نیک ۱۱	عطارد نیک ۱۲
شب جمعہ	قمر نیک ۱	زحل بد ۲	مشتری نیک ۳	مریخ بد ۴	شمس نیک ۵	زہرہ نیک ۶	عطارد نیک ۷	قمر نیک ۸	زحل بد ۹	مشتری نیک ۱۰	مریخ بد ۱۱	شمس نیک ۱۲
روز جمعہ	زہرہ نیک ۱	عطارد نیک ۲	قمر نیک ۳	زحل بد ۴	مشتری نیک ۵	مریخ بد ۶	شمس نیک ۷	زہرہ نیک ۸	عطارد نیک ۹	قمر نیک ۱۰	زحل بد ۱۱	مشتری نیک ۱۲
شب شنبہ	مریخ بد ۱	شمس نیک ۲	زہرہ نیک ۳	عطارد نیک ۴	قمر نیک ۵	زحل بد ۶	مشتری نیک ۷	مریخ بد ۸	شمس نیک ۹	زہرہ نیک ۱۰	عطارد نیک ۱۱	قمر نیک ۱۲
روز شنبہ	زحل بد ۱	مشتری نیک ۲	مریخ بد ۳	شمس نیک ۴	زہرہ نیک ۵	عطارد نیک ۶	قمر نیک ۷	زحل بد ۸	مشتری نیک ۹	مریخ بد ۱۰	شمس نیک ۱۱	زہرہ نیک ۱۲
شب یکشنبہ	عطارد نیک ۱	قمر نیک ۲	زحل بد ۳	مشتری نیک ۴	مریخ بد ۵	شمس نیک ۶	زہرہ نیک ۷	عطارد نیک ۸	قمر نیک ۹	زحل بد ۱۰	مشتری نیک ۱۱	مریخ بد ۱۲

اسم اعظم کے بیان میں

یعنی جو اللہ تعالےٰ کے نام اعظم ہیں۔ ان کے بیان میں کہ ان کو
پڑھ کے اللہ تعالےٰ سے ببرکت ان کی دعا کرے۔ تاکہ مستجاب
ہووے۔ اسم اعظم کے معنے میں علماء کو خلاف ہے۔ چنانچہ
اشعری اور باقلانی کے نزدیک کل اسماء اللہ تعالےٰ اسم اعظم ہیں
بعض کو بعض پر فضیلت نہیں ہے۔ جس کی وجہ سے ایک کو افضل
اور دوسرے کو ادنےٰ سمجھا جاوے اور حدیث شریف میں جو
اسم اللہ اعظم کا لفظ آیا اس کے معنے عظیم کے ہیں یعنی اللہ
تعالےٰ کے نام بڑے ہیں۔ اس میں سب آ گئے کسی کی تخصیص نہ
رہی۔ اور ابن حبان نے کہا۔ کہ مراد اعظم سے یہ ہے۔ کہ دعا کرنے
والے کو اس نام کے پڑھنے سے ثواب دیا ملتا ہے کسی نام کو ایک
دوسرے پر فضیلت نہیں ہے۔ اور بعضوں نے کہا ہے۔ کہ اس کا
مطلب سوائے خداوند عالم کے اور کوئی نہیں جانتا بظاہر اسماء
اللہ تعالےٰ کل اعظم ہیں۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ اِسْمُ اللّٰہِ الْاَعْظَمُ فِیْ ھَاتَیْنِ الْاٰیَتَیْنِ وَاِلٰھُکُمْ
اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ج لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط و فاتحہ
وسورۃ آل عمران۔
ترجمہ۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کہ اسم اعظم

اللہ تعالے کا ان دو آیتوں میں ہے۔ والٰھکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمٰن الرحیم اور الحمد للہ شریف اور سورۂ آل عمران ف چنانچہ اہل معرفت نے طریق ورد اس کا یوں فرمایا ہے۔ کہ جس مطلب کے لئے اس کا ورد کرے اس کو لازم ہے کہ اس مطلب کے عدد نکالے۔ اور بقدر تعداد اعداد کے اس کل مجموعہ کو پڑھے۔ اور اگر اس قدر طاقت اور مشقت کا متحمل نہیں ہو سکتا تو اہل حدیث کے نزدیک تعداد کچھ امر ضروری نہیں ہے۔ جس قدر اللہ پاک توفیق عنایت فرماوے پڑھے۔ اور عرض حاجت کرے انشاء اللہ تعالے ایک ہفتہ نہ گزرنے پاوے گا۔ کہ سائل مقصود کو پہنچ جاوے گا۔ کیونکہ امام ترمذی نے روایت کی ہے۔ کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب کوئی آیات مذکورہ پڑھ کے دعا کرتا ہے۔ تو اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔ مگر اس روایت میں سورۂ طٰہٰ زیادہ ہے۔